# DIRECTOR'S REPORT

The Directors of your Company take pleasure in issuing this report on the financial position and performance of your Company for the quarter and nine months ended March 31, 2016.

Sales for the nine month period were Rs. 4.32 billion compared to Rs. 3.43 billion of the corresponding period of last year, registering a growth of 26%. Profit before tax also grew from Rs. 520 million to Rs. 539 million, an increase of 3.6% over the last year.

On March 21, 2016, Government has expanded the scope of the additional Regulatory Duty (RD) on the import of steel products and aluminum alloy. The increase has been up to 30% which is directly impacting the profitability of the Company. The anomaly is that RD has not been imposed on finished products whilst it is being imposed on the raw materials which are used by local industry. Representations have been made to the Government that steel products on which RD has been imposed are not manufactured locally hence not effecting the local producers. We strongly urge the Government to review the imposition of RD on the raw material used by local auto parts manufacturers.

Automotive Development Policy (ADP) 2016-21 has been approved by the Economic Coordination Committee, giving out a road map to the automotive industry for the next 5 years. The policy has not given any incentive to the auto parts manufacturers. On the contrary, the custom duty on the import of sub-components has been increased from 5% to 10%, thus affecting profitability.

The passenger car/motorcycle segment is expected to perform better than last year; however, the tractor segment is expected to underperform this year.

**AGRIAUTO STAMPING COMPANY (PVT) LIMITED (ASC)**
We are pleased to report that the Stamping Plant is performing as per plan and 100% deliveries to customer are made on Just in Time (JIT) basis.

In order to meet the growing market demand, an additional press of 650 ton has now been installed. The production from this press is going to commence from May this year which will further enhance the sales and profitability of the company.

The Company, with the assistance from Ogihara Thailand is setting up a state of the art Die Development Center in Pakistan for which engineers have been sent to Thailand for one year training on designing of sheet metal dies.

In the end, we would like to express our sincerest appreciation to all our Customers, Dealers, Bankers and Foreign Technical collaborators for their unabated support and confidence reposed in the Company. We are also thankful to all our team members who have worked diligently for the progress of the Company.

On behalf of the Board of Directors.

Fahim Kapadia

Chief Executive
Dated: April 25, 2016

# ڈائرکٹرز کی رپورٹ

آ پکی کمپنی کے ڈائرکٹرحضرات یہ رپورٹ بمع سہ ماہی اورنو ماہی 31 مارچ 2016 کی مالیاتی کارکردگی پیش کرتے ہوے خوشی محسوس کرتے ہیں۔

موجودہ نو ماہ کی سیل 4.32 بلین روپے رہی جو پچھلے سال کی سیل 3.43 بلین روپے کے موازنے میں 26% زائد رہی۔ قبل از ٹیکس منافع 520 ملین سے 539 ملین تک بڑھا، جو کہ پچھلے سال کے مقابلے 3.6% زیادہ ہے۔

بروز ۲۱ مارچ ۲۰۱۶، حکومت نے اسٹیل کی مصنوعات اور المونیئم دھات کی درآمد پر اضافی ریگولیٹری ڈیوٹی کا دائرہ وسیع کر کے ڈیوٹی کی شرح 30% تک بڑھادی جو کہ کمپنی کے منافع پر براہِ راست اثر انداز ہو رہا ہے۔ غیر معمولی بات یہ ہے کہ ریگولیٹری ڈیوٹی تیار مصنوعات پر عائد نہیں ہے بلکہ خام مال پر ہے جو لوکل کمپنیاں استعمال کرتی ہیں۔ حکومت کو یہ وضاحت پیش کی گئی ہے کہ اسٹیل کی جن مصنوعات پہ ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کی گئی ہے انکی پاکستان میں پیداوار نہیں ہوتی اور یہ براہِ راست لوکل کمپنیوں پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ ہم حکومت سے پُر زور درخواست کرتے ہیں کہ خام مال کی درآمد پہ عائد ریگولیٹری ڈیوٹی کے نفاذ پہ نظر ثانی کریں جو کہ لوکل پارٹس بنانے والی کمپنیاں استعمال کرتی ہیں۔

اِکنامک کوآرڈینیشن کمیٹی نے نئی آٹوموٹِو ڈیولپمنٹ پالیسی (ADP) 2016-21 منظور کر دی ہے، اس کے توسط اگلے پانچ سالوں تک آٹوموٹِو انڈسٹری کے لئے راستے کا تعین ہوگا۔ اس پالیسی میں آٹو پارٹس بنانے والی کمپنیوں کے لئے کوئی سہولت فراہم نہیں کی گئی۔ اس کے برعکس، خام مال اور ذیلی جزو پہ کسٹم ڈیوٹی میں 5% سے 10% اضافہ کر دیا گیا ہے، جسکا منفی اثر براہِ راست منافع پر ہوگا۔

توقع ہے کہ مسافر بردار گاڑی/ موٹر سائیکل کے شُعبہ کی کارکردگی پچھلے سال کے مقابلے میں بہتر رہے گی۔ جبکہ ٹریکٹر کے شعبہ کی کارکردگی اس سال کم رہے گی۔

## ایگری آٹو اسٹیمپنگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ASC)

ہم یہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتے ہیں کہ اسٹیمپنگ پلانٹ اپنی منصوبہ بندی کے مطابق 100% عین وقت پر کسٹمر کو تیار شدہ مال کی ترسیل کر رہی ہے۔

مارکٹ کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لئے، ایک اضافی 650 ٹن وزنی پریس کی تنصیب ہو چکی ہے جو کہ پیداوار کے لئے تیار ہے۔ اس پریس سے پیداوار کا کام اس سال مئی کے مہینے سے شروع ہوگا جسکی وجہ سے کمپنی کی سیل اور منافع میں مزید اضافہ متوقع ہے۔

کمپنی Ogihara Thailand کی مدد سے ڈائی ڈیولپمنٹ سینٹر کی تعمیر کا کام کر رہی ہے اور اس سلسلے میں پہلے ہی اپنے تین انجینئر ایک سال کے لئے شیٹ میٹل کی ڈائی ڈیزائن کی تربیت کے لئے تھائی لینڈ بھیج چکی ہے۔

آخر میں، ہم اپنے تمام صارفین، ڈیلرز، بنکرز اور غیر ملکی تکنیکی شراکت داروں کی قدر دانی کے شکر گزار ہیں جنہوں نے بلا روک ٹوک کمپنی کے ساتھ تعاون کیا اور کمپنی پہ اعتماد کیا۔ ہم اپنی ٹیم کے ارکان کے بھی مشکور ہیں جنہوں نے تندہی کے ساتھ کمپنی کی ترقی کے لئے کام کیا۔

منجانب بورڈ آف ڈائریکٹرز۔

فہیم کپاڈیہ
چیف ایگزیکٹو
تاریخ: 25/04/2016